شامل ہیں۔ چھٹا حصہ ایک مذاکرہ ہے۔ جس میں "عالمِ اسلام اور اشتراکیت کا چیلنج" کے موضوع پر مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، چوہدری محمد علی، مسٹر اے کے بروہی، پروفیسر ٹائن بی، جسٹس عبدالحمید، پروفیسر روزنتھال اور مانٹگمری واٹ نے اظہارِ خیال کیا ہے۔

آخری حصے میں جناب نعیم صدیقی صاحب نے اسلام کے نظریہ معیشت پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ یوں تو یہ پورا مجلہ ہی قابلِ قدر مقالات کا حسین مُرقع ہے۔ لیکن اس میں پانچ مقالات بڑے جاندار اور فکر انگیز ہیں۔ پروفیسر خورشید احمد صاحب کا مقالہ 'سوشلزم یا اسلام۔ جناب خلیل حامدی صاحب کا مقالہ عرب سوشلزم، نظریہ، تاریخ، تحریک اور نتائج۔ جناب نعیم صدیقی صاحب کا مقالہ اسلام کا میزانی نظریہ معیشت اور مسٹر اے کے بروہی صاحب کا مقالہ اقبال، اجتہاد اور اسلامی سوشلزم۔ ادارۂ معارفِ اسلامی کراچی کی یہ پیشکش ہر اعتبار سے وقیع اور عمدہ ہے۔ ہمیں امید ہے کہ اس ملک کا تعلیم یافتہ طبقہ نہ صرف اس کا خود مطالعہ کرے گا بلکہ اسے دوسروں تک پہنچانے کا بھی التزام کریگا۔

قادیانیت | تالیف مولانا سید ابوالحسن علی ندوی۔ شائع کردہ۔ ادارۂ نشریاتِ اسلام، لاہور۔ صفحات ۲۲۸ قیمت ۵ روپے۔

مولانا محترم کی اس کتاب پر ترجمان القرآن میں پہلے تبصرہ شائع ہو چکا ہے۔ یہ اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن ہے۔ اس میں فاضل مصنف نے بعض مقامات پر ضروری اضافے کیے ہیں اور ادارہ نشریات اسلام نے اسے بڑے اہتمام کے ساتھ شائع کیا ہے۔

میلاد النبیؐ ــــ رمضان المبارک لیلۃ القدر | تالیف مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم و مغفور۔ شائع کردہ۔ مکتبہ ظفر ناشر قرآنی قطعات گجرات۔

مولانا کے یہ دو قیمتی مقالات متعدد بار چھپ کے اہلِ علم سے خراجِ تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ اب مکتبۂ ظفر، گجرات نے انہیں نہایت اعلیٰ معیار پر شائع کیا ہے ایک مقالہ جس میں حضور سرور